# قائد اعظم ٹرافی فرسٹ الیون کا آخری راؤنڈ ہفتے سے شروع ہو گا

- خیبر پختونخواہ کی ٹیم پہلے ہی فائنل میں پہنچ چکی ہے
- سنٹرل پنجاب ،ناردرن اور سدرن پنجاب کے درمیان فائنل کے لیے دوسری ٹیم بننے کے لیے دوڑ جاری

**کراچی،24دسمبر2020ء:**

قائد اعظم ٹرافی فرسٹ کلاس کے 9 ویں راونڈ میں خیبر پختونخواہ کی ٹیم نے فائنل کے لیے کوالیفائی کر لیا تھا جبکہ ڈبل لیگ گروپ اسٹیج کا 10 واں اور آخری راؤنڈ 26 دسمبر سے شروع ہو رہا ہے اور اس راؤنڈ میں تین ٹیموں سنٹرل پنجاب ، ناردرن اور سدرن پنجاب کے درمیان دوسری فائنلسٹ ٹیم بننے کے لیے دوڑ ہو گی۔

**ناردرن بمقابلہ خیبر پختونخواہ نیشنل اسٹیڈیم**

ناردرن کی ٹیم کو چھٹے راؤنڈ کے اختتام پر چھ ٹیموں کے ایونٹ میں پوائنٹس ٹیبل پر تیسری پوزیشن حاصل تھی لیکن اس کے بعد دو شکستوں اور ایک ڈرا میچ کے بعد اب ناردرن ٹیم پوائنٹس ٹیبل پر تیسرے نمبر پر ہے۔ ناردرن کی ٹیم دوسرے نمبر کی ٹیم سدرن پنجاب سے 14 پوائنٹس پیچھے ہے۔ناردرن کی ٹیم یہ میچ بلوچستان کے ہاتھوں ایک اننگز اور 5 رنز سے شکست کے بعد کھیل رہی ہے۔

آئیکونک ٹیسٹ وینیو میں براڈ کاسٹ کیمروں کے سامنے ہونے والے میچ کو فائنل کے لیے ڈریس ریہرسل بنانے کے خواہشمند ہوں گے،فائنل یکم سے 5 جنوری تک کھیلا جائے گا۔ناردرن کی ٹیم اگر فائنل کے لیے کوالیفائی کرنے میں کامیاب ہو جاتی ہے تو ناردرن کی ٹیم مسلسل دوسری مرتبہ فائنل کھیلے گی۔

حماد اعظم اور محمد نواز زیادہ رنز بنانے والے بیٹسمینوں کی فہرست میں چوتھے اور 5 ویں نمبر پر ہیں وہ ناردرن کی بیٹنگ لائن اپ کو لیڈ کر رہے ہیں۔حماد اعظم نے 57.71 کی اوسط سے 808 رنز جبکہ نواز نے 52.15کی اوسط سے 678 رنز بنائے ہیں۔

کپتان نعمان علی بولنگ کے شعبے کو لیڈ کر رہے ہیں۔34 سالہ نعمان علی نے 21.79کی اوسط سے 61 وکٹیں حاصل کر کے بولنگ چارٹ میں ٹاپ پر ہیں۔وہ سیزن میں سب سے زیادہ 6 مرتبہ پانچ وکٹیں حاصل کر چکے ہیں وہ اپنی ٹیم کے واحد بولر ہیں جو ٹاپ ٹین بولروں میں شامل ہیں۔

خیبر پختونخواہ سیزن20-2019 میں 6 پوائنٹس کے فرق سے فائنل کے لیے کوالیفائی نہیں کر سکی تھی۔لیکن رواں سیزن میں کوچ عبدالرزاق کی نگرانی میں خیبر پختونخواہ فائنل میں پہنچنے والی پہلی ٹیم ہے۔خیبر پختونخواہ نے اب تک سیزن میں سب سے زیادہ 5 کامیابیاں حاصل کی ہیں۔

کامران غلام کی بیٹنگ میں شاندار فارم نے ٹیم کی کارکردگی میں مرکزی کردار ادا کیا ہے۔دائیں ہاتھ کے 25 سالہ بیٹسمین نے 907 رنز 56.69 کی اوسط سے بنائے ہیں۔نو میچز میں انہوں نے تین سنچریاں اور تین ہی نصف سنچریاں بنائی ہیں۔وہ اب تک 900 سے زائد رنز بنانے والے واحد بیٹسمین ہیں۔

آف اسپنر ساجد خان حریف ٹیموں کی بیٹنگ لائن اپ کو پریشان کرنے میں آگے رہے ہیں انہوں نے 56 وکٹیں 24.89 کی اوسط سے حاصل کی ہیں۔وہ بولنگ چارٹ میں دوسرے نمبر پر ہیں۔

## سنٹرل پنجاب بمقابلہ سدرن پنجاب ، اسٹیٹ بنک اسٹیڈیم

دفاعی چیمپئین سنٹرل پنجاب نے ایونٹ میں شاندار کم بیک کیا ہے۔پوائنٹس ٹیبل پر سب سے آخری نمبر سے اٹھنے والی سنٹرل پنجاب کی ٹیم اب مسلسل دوسری مرتبہ فائنل کھیلنے کی امیدوار بن چکی ہے۔سنٹرل پنجاب کا اب پوائنٹس ٹیبل پر 11 پوائنٹس کے ساتھ چوتھا نمبر ہے وہ حریف ٹیم سدرن پنجاب سے 17 پوائنٹس پیچھے ہے

۔

پہلے مرحلے میں پنجاب ڈربی ہارجیت کا فیصلے ہوئے بغیر ختم ہوئی اب دونوں ٹیمیں کامیابی کے لیے بھرپور کوشش کریں گی تاکہ وہ میچ سے زیادہ سے زیادہ پوائنٹس حاصل کر سکیں۔

سنٹرل پنجاب کے بیٹسمین محمد سعد ، قاسم اکرم ، سعد نسیم اور عثمان صلاح الدین نے بڑے اہم موقع پر فارم حاصل کی ہے۔گزشتہ میچ میں سعد نسیم نے سنچری کے علاوہ نصف سنچری اسکور کی جبکہ دوسرے بیٹسمینوں نے نصف سنچریاں اسکور کیں۔

قاسم اکرم نے اس سال کے آغاز میں آئی سی سی انڈر 19 کرکٹ ورلڈکپ میں پاکستان کی نمائندگی کی انہوں نے بال کے ساتھ بھی اپنی ٹیم کی کارکردگی میں حصہ ڈالا ہے خیبر پختونخواہ کے خلاف ڈراہونے والے میچ میں انہوں نے اپنی فرسٹ کلاس کرکٹ میں پہلی مرتبہ 5 وکٹیں بھی حاصل کیں۔

سدرن پنجاب نے سیزن کا شاندار آغاز کیا تھا اور پہلے پانچ راؤنڈز میں پوائنٹس ٹیبل پر سبقت حاصل کیے رکھی ۔لیکن ناردرن سے چھ وکٹوں سے شکست کھانے کے بعد سدرن پنجاب کی ٹیم تیسرے نمبر پر چلی گئی۔آخری تین میچوں میں سے دو میں کامیابی کے بعد سدرن پنجاب کی ٹیم ایک بار پھر سب سے اہم میچ سے قبل ردہم میں آچکی ہے۔

کپتان عمرصدیق امید لگائے ہوں گے کہ ان کے شاندار بولر محمد زاہد اپنی لیگ اسپن بولنگ سے حریف بیٹسمینوں کی وکٹیں لیتے رہے گے۔33 سالہ محمد زاہد 9 میچز میں 48 وکٹیں حاصل کر چکے ہیں۔

سلمان علی آغا نے سدرن پنجاب کی بیٹنگ میں اہم کردار ادا کیا ہے۔انہوں نے دوسنچریوں اور پانچ نصف سنچریوں کی مدد سے 817 رنز بنائے ہیں۔وہ ٹاپ بیٹسمینوں میں تیسرے نمبر پر ہیں۔

## سندھ بمقابلہ بلوچستان یو بی ایل اسپورٹس کمپلیکس

دونوں ٹیمیں فائنل کی دوڑ سے باہر ہو چکی ہیں لیکن دونوں ٹیموں کے درمیان اس لیے جنگ ہو گی کہ پوائنٹس ٹیبل پر آخری نمبر پر نہ آئیں۔سندھ پوائنٹس ٹیبل پر آخری جبکہ بلوچستان پانچویں نمبر پر ہے۔

بلوچستان کی ٹیم گزشتہ سیزن میں پوائنٹس ٹیبل پر آخری نمبر پر آئی تھی جو سندھ سے 17 پوائنٹس آگے ہےاب انکے85پوائنٹس ہیں۔

بلوچستان کی ٹیم نادرن کے خلاف شاندار کامیابی کے بعد اس راؤنڈ کا میچ کھیل رہی ہے بلوچستان نے کاشف بھٹی کی شاندار بولنگ کی بدولت کامیابی حاصل کی انہوں نے میچ میں 5 وکٹیں بھی لی تھیں۔

کاشف بھٹی 28 وکٹوں کے ساتھ اپنی ٹیم کی جانب سے سب سے زیادہ وکٹیں لینے والے بولر ہیں۔وہ ٹاپ بولرز کی فہرست میں 7 ویں نمبر پر ہیں۔ان کے بعد تاج ولی کا نمبر ہے جنہوں نے 25 وکٹیں حاصل کی ہیں۔

بلوچستان کی جانب سے ٹاپ بیٹسمین اکبر الرحمان ہیں جنہوں نے 43.31 کی اوسط سے 563 رنز بنائے ہیں۔

سندھ کی ٹیم توقعات کے مطابق نہیں رہی لیکن ان کے کھلاڑیوں نے غیر معمولی کھیل کا مظاہرہ کیا ہے۔25 سالہ سعود شکیل 58 سے زائد کی اوسط سے 871 رنز بنا کر ٹاپ بیٹسمینوں کی فہرست میں دوسرے نمبر پر ہیں ۔ٹاپ ٹین بیٹسمینوں میں شرجیل خان 634 رنز بنا کر 7 ویں اور کپتان اسد شفیق 605 رنز بنا کر 9 ویں نمبر پر ہیں۔

تجربہ کار تابش خان 27 وکٹیں لے چکے ہیں اور اب تک کے ٹاپ بولروں کی فہرست میں 8 ویں نمبر پر ہیں۔ 22 سالہ شاہنواز دھانی اور لیگ اسپنر ابرار احمد نے اپنی کارکردگی سے سب کو متاثر کیا ہے۔

سندھ کی ٹیم نے رواں سیزن میں صرف ایک کامیابی حاصل کی ہوئی جو اسے پہلے میچ میں سنٹرل پنجاب کے خلاف ملی تھی۔

--ENDS--

Media contact:

**Media and Communications Department**
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

**ABOUT QUAID-E-AZAM TROPHY 2020-21:**

- *31 matches to be played on a double-league basis with each side guaranteed a minimum of 10 first-class matches. For schedule, click here*

- *The event will be played under Covid-19 protocols at four venues in Karachi, namely National Stadium, National Bank of Pakistan Sports Complex, State Bank Stadium and UBL Sports Complex.*

- *Central Punjab will defend the title they won in 2019-20 after beating Northern by an innings and 16 runs in the final at National Stadium, Karachi. Other four sides are Balochistan, Khyber Pakhtunkhwa, Sindh and Southern Punjab*

- *The event will take a break after three rounds and will resume from 20 November following the conclusion of the remaining four HBL Pakistan Super League 2020 matches, which were postponed on 17 March due to Covid-19 pandemic.*

- *The winner of the tournament will receive PKR10million while the runner-up will collect PKR5million*

- *PKR500,000 will be handed out to tournament's top-performers and the player of the final will get PKR50,000*

- *Players to earn PKR60,000, per match the double-league format provides a high-performing player to earn, at least, PKR600,000. This is part of the PCB's strategy and commitment to enhance earning opportunities as well as to reward high-performing cricketers. Click here to read more*

*As part of the US$200million agreement with PTV Sports and I-Media Communications Services, the event will be produced by the PCB and broadcasted live on PTV Sports. Click here, to read more about the three-year agreement*




National Team Partners

Domestic Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealPCB

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4